سوال

(606) منہ ہلائے بغیر تلاوت قرآن

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا منہ ہلائے بغیر قرآن مجید کی تلاوت کرنے پر ثواب ہو گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

منہ ہلائے بغیر تلاوت کرنے سے قراءت معتبر نہیں ہوگی اور نہ ہی اس پر قراءت کا ثواب ملے گا۔ کیونکہ یہ قراءت نہیں بلکہ تدبر ہے، اس پر تدبر کا تو ثواب ملے گا مگر قراءت کا نہیں۔

یادرہے کہ وہ اذکار جن کا تعلق زبان سے ہے، اور وہ زبان سے ادا ہوتے ہیں، مثلاً قرآن مجید کی تلاوت، سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الہ الا اللہ، اور صبح وشام کی دعائیں، اور سونے، اور بیت الخلاء وغیرہ کی دعائیں وغیرہ ان میں زبان کو حرکت دینا ضروری ہے، یہ زبان کو حرکت دیے بغیر ادا نہیں ہوتے

ابن رشد رحمہ اللہ تعالی نے "البیان والتحصیل" میں نقل امام مالک رحمہ اللہ تعالی سے نقل کیا ہے کہ:

ان سے ایسے شخص کے متعلق دریافت کیا گیا جو نماز میں قرآت کرتے وقت نہ تو زبان کو حرکت دیتا ہے، اور نہ ہی کسی اور کو اور نہ ہی اپنے آپ کو سنتا ہے اس کا حکم کیا ہے؟

توان کا جواب تھا:

«لیست ہذہ قراءة، وإنما القراءة ما حرک لہ اللسان» البیان والتحصیل 490/1

"یہ قرآت نہیں ہے، بلکہ قرآت وہ ہے جس کے لیے زبان کو حرکت دے" انتہی

امام کاسانی رحمہ اللہ تعالی «البدائع والصنائع» میں کہتے ہیں:

«القراءة لا تکون إلا بتحریک اللسان بالحروف، ألا تریٰ أن المصلی القادر علی القراءة إذا لم یحرک لسانہ بالحروف لا تجوز صلاتہ. وکذا لو حلف لا یقرأ سورة من القرآن فنظر فیہا وفہمہا ولم یحرک لسانہ لم یحنث» بدائع الصنائع 118/4

"زبان کو حرکت دیے بغیر قراءت نہیں ہوتی، کیا آپ دیکھتے نہیں کہ قراءت پر قدرت رکھنے والا نمازی جب حروف کی ادائیگی میں زبان کو حرکت نہ دے تو اس کی نماز جائز نہیں، اوراسی طرح اگر اس نے قسم اٹھائی کہ وہ قرآن کی سورۃ نہیں پڑھے گا، اوراس نے قرآن مجید کو دیکھا اوراسے سمجھا لیکن اپنی زبان کو حرکت نہ دی تو وہ حانث نہیں ہوگا، یعنی اس کی قسم نہیں ٹوٹے گی" انتھی

یعنی اگر وہ پڑھتا نہیں بلکہ صرف دیکھتا ہے تو حانث نہیں ہوگا۔

اس پر یہ بھی دلالت کرتی ہے :

علماء کرام نے جنبی شخص کو زبان سے قرآن مجید پڑھنے کی منع کیا، اوراسے مصحف کو دیکھنے کی اجازت دی ہے، اوروہ زبان کو حرکت دیے بغیر دل سے پڑھ سکتا ہے، جوان دونوں میں فرض پر دلالت کرتا ہے، اوریہ کہ زبان کو حرکت نہ دینا قرآت شمار نہیں ہوتا المجموع (2/187-189)

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے دریافت کیا گیا :

کیا نماز میں قرآن کی تلاوت میں زبان کو حرکت دینا واجب ہے، یا کہ دل سے ہی کافی ہے ؟

توانہوں نے جواب دیتے ہوئے فرمایا :

«القراءة لابد أن تكون باللسان، فإذا قرأ الإنسان بقلبه في الصلاة فإن ذلك لا يجزئه، وكذلك أيضاً سائر الأذكار، لا تجزئ بالقلب، بل لابد أن يحرك الإنسان بها لسانه وشفتيه؛ لأنها أقوال، ولا تتحقق إلا بتحريك اللسان والشفتين» مجموع فتاوى ابن عثيمين "13/156

"زبان کے ساتھ قراءت کرنا ضروری ہے، نماز میں جب کوئی انسان دل کے ساتھ قراءت کرتا ہے تو وہ کفائت نہیں کرتی، اوراسی طرح باقی ساری دعائیں بھی ادا نہیں ہونگی، دل میں پڑھنے سے دعائیں ادا نہیں ہونگی بلکہ زبان اورہونٹوں کو حرکت دینا ضروری ہے؛ کیونکہ یہ اقوال ہیں، اورزبان اورہونٹ کو حرکت دیے بغیر بات چیت اوراقوال کی ادائیگی نہیں ہوتی "

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1